41731- جمعہ کے روز بیٹھے ہوئے لوگوں کی گردنیں پھلانگنے کی حرمت

سوال

گزارش ہے کہ جمعہ کے روزہ لوگوں کی گردنیں پھلانگنے کا حکم بیان کریں، آیا یہ حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

ابوداود اور ابن ماجہ میں عبد اللہ بن بسر رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث مروی ہے کہ :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ ارشاد فرمارہے تھے کہ ایک شخص لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آیا، تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا :

" بیٹھ جاؤ آپ نے یقینا تکلیف سے دوچار کیا ہے "

سنن ابوداود حدیث نمبر (1118) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1115)

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اس حدیث میں نماز جمعہ کے لیے بیٹھے ہوئے اشخاص کی گردنیں پھلانگنے کی ممانعت بیان ہوئی ہے.

اس کے حکم میں علماء کرام کے دو قول ہیں :

پہلا قول :

ایسا کرنا مکروہ ہے، اسے ابن منذر نے جمہور علماء کرام سے نقل کیا ہے، اور ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں : اکثر علماء کرام کے ہاں یہ کراہت تنزیہی ہے، شافعیہ کے ہاں یہی مشہور ہے، اور حنابلہ کی ایک روایت.

دیکھیں : فتح الباری (392/2) کشاف القناع (44/2) المجموع (466/4).

امام مالک اور اوزاعی رحمہما اللہ نے اس میں قید یہ لگائی ہے کہ : جب امام منبر پر خطبہ دے رہا ہو تو یہ مکروہ ہے.

مدونہ میں ہے : امام مالک رحمہ اللہ کا کہنا ہے کہ : جب امام نکل کر منبر آجائے تو گردنیں پھلانگنا مکروہ ہے، جو بھی اس وقت گردن پھلانگے گا وہ اس حدیث کے تحت آئے گا، لیکن جو شخص امام سے پہلے آئے اور نمازیوں کے مابین جگہ ہو تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن وہ اس میں نرمی کرے " انتھی

دیکھیں : المدونۃ (159/1).

دوسرا قول :

مطلقا گردنیں پھلانگنا حرام ہے چاہے جمعہ کا دن ہو یا کوئی اور، اس کی دلیل عبد اللہ بن بسر رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث ہے :

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ جمعہ ارشاد فرمارہے تھے کہ ایک شخص لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا :

" بیٹھ جاؤ تم نے بہت اذیت دی "

سنن ابوداود حدیث نمبر (1118) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1115) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

امام ترمذی کہتے ہیں :

" اہل علم کے ہاں اس پر عمل ہے، انہوں نے جمعہ کے روز لوگوں کی گردن پھلانگنے کو مکروہ قرار دیا ہے، اور اس میں بہت شدت کی ہے " انتہی

محققین میں سے ایک جماعت مثلا ابن منذر، ابن عبد البر، امام نووی، اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ وغیرہ نے اسے راجح کہا ہے، جیسا کہ اختیارات الفقھیۃ (81) میں ہے، اور معاصرین میں سے الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے.

تحریم والے قول کی تعلیل کرتے ہوئے ابن منذر کہتے ہیں :

کیونکہ تھوڑی اور زیادہ اذیت دینا حرام ہے، اور یہ بھی اذیت ہے، جیسا کہ صحیح حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گردنیں پھلانگنے والے شخص کو دیکھ کر فرمایا :

" بیٹھ جاؤ یقینا تم نے اذیت سے دوچار کیا "

دیکھیں : المجموع (467/4).

اور " التمھید " میں ابن عبد البر کہتے ہیں :

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جمعہ کے روز لوگوں کی گردنیں پھلانگنے والے کو " تو نے اذیت سے دوچا کیا " کہ کر یہ بیان کیا ہے گردن پھلانگنا اذیت ہے، اور کسی بھی حال میں مسلمان کو اذیت دینا حرام ہے، چاہے جمعہ ہو یا بغیر جمعہ کے.

دیکھیں : التمھید (316/1).

امام نووی رحمہ اللہ کا کہنا ہے :

" مختار مسلک یہی ہے کہ احادیث کی بنا پر گردنیں پھلانگنا حرام ہے "

دیکھیں : روضۃ الطالبین (224/11).

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

" خطبہ وغیرہ کی حالت میں گردنیں پھلانگنا حرام ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی گردنیں پھلانگنے والے کو فرمایا تھا :

" بیٹھ جاؤ تم نے یقینا اذیت سے دوچار کیا"

اور دوران خطبہ تو اس کی اور بھی زیادہ تاکید ہو جاتی ہے؛ کیونکہ اس میں لوگوں کو اذیت ہوتی ہے، اور خطبہ سننے میں دخل اندازی کا باعث ہے چاہے کسی خالی جگہ کے لیے ہی گردنیں پھلانگی جائیں؛ کیونکہ اذیت کی علت موجود ہے" انتہی

دیکھیں : فتاوی ورسائل الشیخ ابن عثیمین (147/16).

واللہ اعلم.